ilmkidunya
علم کی دنیا

Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 2 Short Questions Preparation

Q1. کمپیوٹر کی تعلیم کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: دور جدید میں کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کو بہت اہمیت حاصل ہے.کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے ذریعے دنیا کے تمام ممالک ایک دوسرے کے قریب ہو گئے ہیں اور دنیا ایک گلوبل ویلج بن گیا ہے،پیشہ وارانہ تعلیم کی ترقی کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی بہت اہمیت حاصل کر گئی ہے.انٹرنیت کے ذریعے پر قسم کی معلومات حاصل کی جا سکتی ہے،اب دنیا کی بڑی بڑی لائبریریوں سے انڑنیٹ کے ذریعے استفادہ کیا جاسکتا ہے.

Q2. روحانی و اخلاقی مقاصد سے کیا مرادہے؟

Ans 1: پاکستانی معاشرے میں اخلاقی و روحانی لحاظ سے افراد معاشرے کی تعلیم و تربیت کو اولیت حاصل ہے،اس میں رضائے الہی کے حصول کو اہم ترین مقصد تعلیم کی حیثیت حاصل ہے،اللہ کی معبودیت اور عقیدہ توحید ان مقاصد تعلیم کا مرکز محور ہے.

Q3. انٹرنیٹ کے دو فوائد لکھیں.

Ans 1: 1.انٹرنیٹ کے ذریعے ہر قسم کی معلوماتحاصل کی جا سکتی ہے. 2.اب دنیا کی بڑی بڑی لائبریروں سے انٹرنیٹ کے ذریعے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے.

Q4. پیشہ وارانہ تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرہ عمومی تعلیم کے ذریعے اپنی تہذیب و ثقافت اور اپنی اقدار و روایات نسل نو تک منتقل کرتاہے لیکن تمدنی ضروریات کی تکمیل اس سے ممکن نہیں ہوتی لہذا وہ زندگی کے مختلف شعبوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے پیشہ وارانہ تعلیم کا اہتمام کرتا ہے.

Q5. عام تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسی تعلیم جس کا اہتمام سکول،کالجوں اور دوسرے تعلیمی اداروں میں کیا جاتا ہے،عام تعلیم کہلاتی ہے.

Q6. مقاصد تعلیم کو تعلیم کا سب سے اہم عنصر کیوں کہا جاتا ہے؟

Ans 1: نظام تعلیم کا سب سے اہم عنصر مقاصد تعلیم ہیں.تعلیم کے باقی تمام تعلیم کے باقی تمام عناصران ہی مقاصد کے حصول کے لئے کام کرتے ہیں،یہی مقاصد باقی تمام عناصر کو آپس میں مربوط اور ہم آہنگ کرتے ہیں.

Q7. رضائے الہی کے حصول سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلیم کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول ہے،تمام اعمال صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے ہونے چاہئیں.اخلاص نیت کے ساتھ چھوٹا عمل بھی بہت بڑی نیکی شمار ہوگا اور منافقت کی صورت میں ایک بڑا عمل بھی وبال ثابت ہو گا،

Q8. اعلیٰ تعلیم کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: تیرھویں جماعت سے لے کر سولہویں جماعت تک کی تعلیم اعلیٰ تعلیم کہلاتی ہے.

Q9. فکر آخرت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلیم کا ایک مقصد یہ ہے کہ تعلیم انسان کو اپنی حقیقی یعنی آخرت کی زندگی میں کامیابی اور فلاح کے لیےتیار کرے،اسے ہر وقت یہ احساس ہو کہ موجودہ دنیا میں اس سے کوئی ایسا فعل سر زد نہ ہو جو اس کی اگلی زندگی میں اس کو نقصان پہنچائے،اس طرح آخرت کی فکر اور کامیابی قدم قدم پر اس کے پیش نظر رہے.

Q10. ابتدائی یا ایلیمنڑی ایجوکیشن سے کیامراد ہے؟

Ans 1: پہلی جماعت سے لے کر آٹھویں جماعت تک کی تعلیم ابتدائی یا ایلیمنڑی ایجوکیشن کہلاتی ہے.